# دیوان مشتاق ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ
# سالانہ اجلاس عام

ہذا کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دیوان مشتاق ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (ڈی ایم ٹی ایل یا کمپنی) کا اکسٹھواں (61) سالانہ اجلاس عام جمعرات 27 اکتوبر 2022ء کو صبح 11:30 بجے دیوان سیمنٹ لمیٹڈ فیکٹری سائٹ واقع دیہہ ڈھنڈو دھابیجی ضلع ملیر کراچی پاکستان میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوگا۔

## عمومی امور

1) کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ جمعرات 27 جنوری 2022ء کی کارروائی کی توثیق۔
2) 30 جون 2022ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔
3) 30 جون 2023ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔
4) چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

**بحکم بورڈ**

**محمد حنیف جرمن**
کمپنی سیکریٹری

**کراچی 28 ستمبر 2022ء**

**نوٹ:**

1) کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 20 اکتوبر 2022ء تا 27 اکتوبر 2022ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔
2) ممبران سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر ہمارے شیئرز رجسٹرار ٹرانسفر ایجنٹ بی ایم ایف کنسلٹنٹس پاکستان (پرائیوٹ) لمیٹڈ واقع انعم اسٹیٹ بلڈنگ کمرہ نمبر 310 اور 311 تھرڈ فلور 49 دار الامان سوسائٹی مین شاہراہ فیصل متصل بلوچ کالونی پل، کراچی پاکستان کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔
3) اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کر سکتا ہے۔ تاہم پروکسی کی تقرری کی دستاویز اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑھتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کو مندرجہ بالا پتہ پر مل جانی چاہیے۔
4) سی ڈی سی ممبران کو مزید براں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر-I مورخہ 20 جنوری 2000ء میں درج مندرجہ ذیل ہدایت پر عمل کرنا ہوگا۔

### الف) برائے اجلاس میں شرکت

i) انفرادی اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا افراد کی صورت میں یا جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ضابطہ کے مطابق اپ لوڈ ہوں اپنی شناخت کے لیے اصل قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔
ii) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

### ب) پروکسی کی تقرری

i) انفرادی اکاؤنٹ ہولڈر یا سب ہولڈر اور یا افراد کی صورت میں جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ضابطہ کے تحت اپ لوڈ ہوں پروکسی فارم مندرجہ بالا شرائط کے مطابق داخل کرانے ہوں گے۔
ii) پروکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہیے جن کے نام پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم میں درج ہوں۔
iii) ممبر اور پروکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم سے منسلک کرنی ہوں گی۔
iv) پروکسی کو اجلاس کے موقع پر اصل قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
v) کارپوریٹ انٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں) پروکسی فارم ہمراہ کمپنی کو پیش کرنے ہوں گے۔